# ROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT,
# KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1267 https://www.facebook.com/pakpgov

## LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES (9th Session)

**Notice No.** 877

**Department:-** Climate Change, Forestry, Environment and Wildlife

توجہ دلاؤنوٹس نمبر 877

منجانب:۔ محترمہ نیلوفر بابر صاحبہ، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ جنگلات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ جی ٹی روڈ پشاور سے براستہ نوشہرہ تااٹک پل سڑک کے دونوں اطراف بڑی تعداد میں قدآور درخت موجود ہیں جن کے ساتھ 11 کے وی بجلی کی لائنیں بھی گزرتی ہیں۔ متعلقہ محکموں کی جانب سے ان درختوں کی بروقت شاخ تراشی اور دیکھ بال نہ ہونے کے باعث طوفان، تیز ہواؤں اور بارشوں کے دوران درختوں کی شاخیں اور مکمل درخت بجلی کی لائنوں پر گر جاتی ہیں، جس کے نتیجے میں نہ صرف کئی علاقوں میں بجلی کی فراہمی طویل دورانیے تک معطل رہتی ہے بلکہ جی ٹی روڈ پر سفر کرنے والے شہریوں اور گاڑیوں کے جان ومال کو بھی شدید خطرات لاحق ہوجاتے ہیں۔ مذکورہ شاہراہ کے کنارے موجود درختوں کی بروقت شاخ تراشی، دیکھ بھال اور خطرناک درختوں کی نشاندہی کے لئے متعلقہ محکمے کی جانب سے اب تک کئے گئے اقدامات اور مستقبل میں عوام کی جان ومال کے تحفظ، بجلی کی ترسیلی لائنوں کو ممکنہ نقصان سے بچنے اور ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے صوبائی حکومت اپنی حکمت عملی سے آگاہ کریں۔